4713CH07

بَہار

آیا ہے بَہار کا زمانہ　　باغوں کے نکھار کا زمانہ
کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں　　ساری روشیں مہک رہی ہیں
ہلکی ہلکی یہ اُن کی خوشبو　　پھیلی ہوئی ہے چمن میں ہر سُو
چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے　　سُنتے ہیں پھول چمن میں سارے

© NCERT not to be republished

کتنی راحت فزا ہوا ہے — گویا جنّت کا در کھلا ہے
خوش خوش ہر ایک آدمی ہے — ہر شے میں بلا کی دلکشی ہے
کیسی دل چسپ چاندنی ہے — چاندنی ایک نور کی تنی ہے
ہر دل میں امنگ کس قدر ہے — سب پر ہی بہار کا اثر ہے

سڑکوں پر جو لوگ جا رہے ہیں
غزلیں افسؔر کی گا رہے ہیں

افسؔر میرٹھی

© NCERT not to be republished

معنی یاد کیجیے

نکھار	:	تازگی، صفائی، اُجلاپن، خوبصورتی
چٹک رہی ہیں	:	کِھل رہی ہیں، کلیوں کا کھلنا
روشیں	:	روش کی جمع، کیاریوں کے درمیان کے راستے
ہرسُو	:	ہرطرف، ہرجانب
راحت فزا	:	آرام کو بڑھانے والا
بَلا کی دلکشی	:	دِل کو بے حد لبھانے والی
امنگ	:	جوش، ولولہ، ترنگ

سوچیے اور بتائیے۔

1. باغوں پر نکھار آنے کی کیا وجہ ہے؟
2. روشیں کیوں مہک رہی ہیں؟
3. ''جنّت کا در کھلا'' ہونے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
4. چاندنی کیسی لگ رہی ہے؟
5. سڑکوں پر جانے والے لوگ کیا گا رہے ہیں؟

مصرعے مکمل کیجیے۔

آیا ہے ________________ کا زمانہ
کلیاں کیا کیا ________________ رہی ہیں
چڑیاں گاتی ہیں ________________ پیارے
گویا جنّت کا ________________ کھلا ہے

© NCERT not to be republished

ہر دل میں ______________ کس قدر ہے
سب پر ہی ______________ کا اثر ہے
غزلیں ______________ کی گا رہے ہیں

نیچے لکھے ہوئے لفظوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

نکھار چٹک مہک ہرسُو دلکشی چاندنی امنگ

مصرعوں کو صحیح ترتیب سے لکھ کر شعر مکمّل کیجیے۔

آیا ہے بہار کا زمانہ
گویا جنت کا در کھُلا ہے
ہر دل میں امنگ کس قدر ہے
باغوں کے نکھار کا زمانہ
کتنی راحت فزا ہوا ہے
سب پر ہی بہار کا اثر ہے

عملی کام

- اس نظم کے اُن اشعار کا مفہوم لکھیے جو آپ کو پسند ہوں۔
- اپنے پسندیدہ موسم پر پانچ جملے لکھیے۔

غور کرنے کی بات

- اس نظم کے ایک مصرعے میں شاعر نے ''بلا کی دلکشی'' لفظ استعمال کیا ہے اسی طرح اس لفظ کا استعمال شدّت کے طور پر کیا جاتا ہے۔ جیسے بلا کی گرمی ہے، بلا کی اُمس ہے، بلا کی آندھی ہے، بلا کا شور ہے وغیرہ۔

© NCERT not to be republished